Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد ۳۸	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۸ شوال سنہ ۱۳۴۴ھ مطابق ۱۰ مئی سنہ ۱۹۲۶ع	نمبر ۱۹

فہرست مضامین

نمبر صفحہ	خلاصہ مضمون	نمبر شمار
۱	اضافہ ... [illegible]	۱
۱	رخصت منشی [illegible] صاحب	۲
۱	[illegible] صاحب [illegible]	۳
۱	رخصت [illegible] خاص باغ	۴
۱	رخصت سید [illegible] خان بہادر	۵
۱	[illegible] سب انسپکٹر [illegible]	۶
۱	منشی [illegible] نرائن	۷
۱	[illegible]	۸
۱	[illegible] کلرک	۹
۱	[illegible]	۱۰
۱	رخصت [illegible] صاحب دیوانی	۱۱
۱	اضافہ [illegible] پولیس	۱۲
۱	[illegible]	۱۳
علیحدہ	نقشہ جات [illegible] نقشہ [illegible] اجلاس	۱۴

حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۶ع

مثل رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر درباره اضافہ تنخواہ اسپیشل اسسٹنٹان مندرجہ فہرست از ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء بموجب اسکیم منظور شدہ اجلاس ہمایون۔

حکم

جہ اسسٹنٹ صاحبوں کا اضافہ تین تین روپیہ ماہوار بموجب اسکیم منظور شدہ حسب رپورٹ صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر ۱۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے منظور ہو۔ فہرست شامل کاغذات ہے۔ بغرض اجراء احکام کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حسب صراحت حکم اجلاس ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔

المرقوم ۲۷ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

نقشہ اسسٹنٹ صاحبان یعنی چھوٹے ڈاکٹران ملازمان شفاخانہ جو ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے مستحق اضافہ ہیں۔

نمبر شمار	نام ملازم مع جائے تعیناتی	عہدہ	[illegible]	[illegible]	کیفیت
۱	ڈاکٹر محمد حسین صاحب شفاخانہ صدر	اسسٹنٹ	[illegible]	[illegible]	ان ڈاکٹروں کا اضافہ گذشتہ ۲۰ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے اجلاس ہمایوں سے منظور فرمایا گیا۔
۲	ڈاکٹر محمد ناصر صاحب شفاخانہ صدر	"	[illegible]	[illegible]	
۳	ڈاکٹر کلیلا رائے صاحب شفاخانہ صدر	"	[illegible]	[illegible]	ان چار ڈاکٹروں کا اضافہ گذشتہ ۱۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء سے اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر سے منظور کیا گیا تھا۔
۴	ڈاکٹر محمد حسین صاحب شفاخانہ ٹانڈہ	"	[illegible]	[illegible]	
۵	ڈاکٹر سید محمد حسن لال صاحب شفاخانہ...	"	[illegible]	[illegible]	
۶	ڈاکٹر شیام لال صاحب ... بلاسپور	"	[illegible]	[illegible]	
			میزان	[illegible]	

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب ہوم سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت مزید دو ماہ بوضع تنخواہ منشی بشیر احمد تحصیلدار ٹانڈہ

بانتظام موجودہ دو ماہ کی رخصت منشی بشیر احمد تحصیلدار ٹانڈہ کی بوضع تنخواہ منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام کاغذات واپس ہوں۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

اعلیٰحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بغرض — میر سالف

جناب عالی

منشی بشیر احمد تحصیلدار ٹانڈہ نے رخصت یکماہ رعایتی کی استدعا کی تھی جو پیشگاہ بندگان عالی سے منظور ہو گئی تھی اور ایام رخصت میں لفٹننٹ مظفر علی خانصاحب ایڈی سی بہ تنخواہ ماہانہ قائم مقام تحصیلدار ٹانڈہ مقرر ہوئے تھے۔ ۲۳ مارچ سنہ ۱۹۲۶ء کو چارج تبدیل ہو گیا تھا۔ اب منشی بشیر احمد نے ۲۳ اپریل سنہ حال سے دو ماہ رخصت مزید کی استدعا کی ہے۔ درخواست ہمرشتہ ہے۔ لہذا درخواست مشار الیہ مع مثل متعلقہ ارسال حضور ہے۔ اور گزارش ہے کہ یا تو رخصت دو ماہ مشار الیہ بوضع تنخواہ بانتظام موجودہ منظور فرمائی جائے یا انکا نام خارج فرمایا جائے اور موجودہ انتظام کی مستقلی کی بابت حکم عالی صادر فرمایا جائے۔ والادب

حکم اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

بشمار حکم بندگان عالی حضور معلےٰ دام اقبالہم و ملکہم احکام ضابطہ جاری ہوں۔ اس دو ماہ کے لئے بھی لفٹننٹ مظفر علی خان کو اختیارات اسسٹنٹ کلکٹر درجہ اول دئیے جاتے ہیں۔ حکم میں صراحت کیجائے۔ مثل شمولہ حوالہ منصرم ملازمان ہو۔ نقل حکم بخدمت جناب صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر مرسل ہو۔ ۲۴ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

دستخط صاحب ہوم سکریٹری بہادر

حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۲۹ اپریل سنہ ۱۹۲۶ء

مثبتہ عرضداشت صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت دربارہ منظور فرمائے جانے اسسٹنٹ انجینئر بجلی گھر منشی صدیق علی خان بعہدہ اسسٹنٹ فیکٹری منیجر کو بشاہرہ موجودہ بوجہ قائم ہونے جدید طاقتور پلانٹ بجلی گھر باور ہاؤس میں۔ اور تخفیف فرمائے جانے جگہ منشی صدیق علی خان اسسٹنٹ فیکٹری منیجر میں۔ لیکن نہ سبکدوش فرمائے جانے تاوقتیکہ سامان اور حسابات کی جانچ نہ ہو جائے۔

حکم

بوجہ نہ ہونے کارخانہ کے اسسٹنٹ فیکٹری منیجر کا کام کم رہ گیا ہے۔ اور علاوہ فیکٹری کی تخفیف در پیش ہے

صدیق علی خان منیجر سیشٹ فیکٹریز کے خدمات کی وہان اب ضرورت نہین بلکہ بجلی گھر پاور ہوس مین جدید جا قتور پلانٹ قایم ہو گا اس لئے عہدہ منیجر فیکٹریز تخفیف ہو کر صدیق علی خان منیجر سیشٹ فیکٹریز بجلی گھر مین اسسٹنٹ انجنیئر اپنی موجودہ تنخواہ ایک سو سٹر روپیہ پر مقرر کئے جائین جبتک سیشٹ فیکٹریز کے سامان اور حسابات کی جانچ نہ ہو جائے سیشٹ فیکٹریز کی بھی نگرانی انکے ذمہ رہیگی۔ حسب رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

رخصت

۲۹ اپریل ۱۹۲۶ء

مثنیہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات مشعر منظوری رخصت مزید پانچ یوم بابو پربھو لال سب ڈویژنل افسر خاص باغ از ۲۶ اپریل ۱۹۲۶ء تا ۳۰ ماہ مذکور بوجہ بقائے علالت بسلسلۂ رخصت سابقہ۔

حکم

بموجب رپورٹ مزید رخصت پانچ یوم بسلسلۂ سابقہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مئی ۱۹۲۶ء

مثنیہ رپورٹ ممبر صاحبان کونسل خاندان دربارہ منظوری رخصت بست یوم صاحبزادہ سید غوث محمد خان بہادر سپرنٹنڈنٹ جنگی من ابتدا ۵ مئی ۱۹۲۶ء بغرض شرکت امتحانات بمقام علیگڈھ و لاہور۔

حکم

بموجب رپورٹ صاحبزادہ سید غوث محمد خان بہادر کی رخصت بیس یوم ۵ مئی ۱۹۲۶ء سے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۲ مئی ۱۹۲۶ء

مثنیہ رپورٹ صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر دربارہ منظوری رخصت رعایتی یکماہ ڈپٹی انسپکٹر فیل خانہ من ابتدائے ۹ مئی ۱۹۲۶ء بغرض روانگی وطن۔

حکم

بموجب رپورٹ ڈپٹی انسپکٹر فیل خانہ کی رخصت ایک ماہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ مئی ۱۹۲۶ء

دربارہ منظوری رخصت مزید راج نراین اسٹنٹری کلرک اجلاس ہمایون

حکم

راج نراین کی رخصت مزید یکماہ بوضع کل تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ شہاب الدین جو انکی جگہ چھ مہینے سے کام کر رہا ہے وہ بدستور ماہ مئی مین بھی کام انجام دیگا اور بیس روپیہ تنخواہ پائیگا۔ اکرام الدین اہلمد کو بھی راج نراین کے کام کا ذمہ دار کیا جاتا رہا ہے ماہ مئی مین دس روپیہ بطور الاؤنس انکو دیا جانا منظور ہے۔ اسٹنٹری کا رجسٹر ازدہ اکرام الدین سے سپرد رہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

رخصت

۳ مئی ۱۹۲۶ء

مثنیہ رپورٹ صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات دربارہ منظوری رخصت یکماہ منشی جوالا پرشاد کلرک تعمیرات بوجہ علالت بعوض ماتا پرشاد پسر نا بسپردہ۔ خرض خدمت کو اس اسامی پر آیندہ کوئی استحقاق حاصل نہو گا۔

حکم

بموجب رپورٹ جوالا پرشاد کلرک تعمیرات کی رخصت ایکماہ بعوض ماتا پرشاد انکے پسر کے منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہون۔

حسب الحکم دستخط صاحب چیف سکریٹری بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۱۰ مئی ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ کریم اللہ سپرنٹنڈنٹ انجینیر دربارہ منظوری رخصت [illegible] ۱۶ یوم محمد علی کلرک واٹر ورکس از ۹ مئی ۱۹۲۶ء بضرورت [illegible]

حکم

محمد علی کلرک واٹر ورکس کی رخصت برائے ۱۶ یوم بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۴ مئی ۱۹۲۶ء

مثل رپورٹ صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج دربارہ منظوری رخصت بیس یوم اشفاق حسین اہلمد دیوانی جج بذمہ داری ناظر جی بضرورت مرمت مکان -

حکم

رخصت اشفاق حسین خان اہلمد دیوانی جج کی ۲۰ یوم کی منظور کیجاتی ہے - حسب رائے صاحب ڈسٹرکٹ و سشن جج کام کا انتظام رہیگا - ناظر کے کام میں کوئی خرابی نہو - پیشکار و سررشتہ دار جج نگرانی رکھیں - احکام جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

رخصت

۹ مئی ۱۹۲۶ء

مثل یادداشت مفتی صاحب دیوانی مرسلہ ڈسٹرکٹ و سشن جج بہادر بابت منظوری رخصت ۱۳ یوم محافظ دفتر دیوانی و سپردگی کام محافظ دفتر مذکور زمانہ رخصت منشی شکیل احمد نائب -

حکم

بشرط رجسٹرار صاحب صدر کی رخصت سے واپس آنے کے - رخصت تیرہ یوم محافظ دفتر دیوانی کی منظور کیجاتی ہے - اور روانگی سے رخصت شمار ہوگی - کام کا انتظام حسب رائے مفتی صاحب دیوانی ایام رخصت محافظ دفتر دیوانی میں رہیگا - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب جوڈیشل سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

اضافہ

۲۰ اپریل ۱۹۲۶ء

مثل درخواست سید نوشہ علی روزنامچہ نویس دفتر صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر مشاہرہ دار [illegible] ماہوار بابت اضافہ بوجہ قلت تنخواہ -

حکم

ایک روپیہ ماہواری اضافہ یکم مئی ۱۹۲۶ء سے منظور ہو - احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب پرائیوٹ سکریٹری بہادر

حکم اجلاس صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

برخاستگی

۲۶ اپریل ۱۹۲۶ء

مثل برخاستگی لیاقت علی محرر مویشی خانہ کیمری بقصور زیادہ ستانی [illegible] از مسمیان [illegible] وغیرہ ساکنان [illegible] بابت رہا کرانے مویشیان داخل شدہ و وصولیابی دام و تحریر کرنے نام ایک شخص کا رجسٹر میں [illegible] چند مالکان مویشیان کے [illegible] اس محرری واسطے نیلام تحصیل کو پیش کرنے [illegible] تحصیل میں واسطے نیلام اس کے مویشی خانہ پر بعذر نہ جا سکنے تحصیل کو نیز غیر حاضر ہونے محرر مویشی خانہ سے بوجہ ثبوت قصورات بالا حسب تحریر سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات

حکم

بقصور مندرجہ تحریر صاحب سپرنٹنڈنٹ مویشی خانہ جات مسمے لیاقت علی محرر کانجی ہوس کیمری ملازمت سے برخاست کیا جاتا ہے - [illegible] جو اس محرر نے زیادہ وصول کئے ہیں وہ اس سے وصول ہو کر بعد آمدنی مویشی خانہ جات سیاہہ سرکار کئے جائیں - احکام ضابطہ جاری ہوں -

دستخط صاحب سکریٹری بہادر صنعت و حرفت

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدای ۲ لغایت ۹ مئی سنہ ۱۹۲۶ء

نام جنس	قصور تحصیل	شاہ آباد	ٹانک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۰٫۹ ار		۹ ار	۸٫۰ ار	۸ ار	۹ ار	
نخود خالص	۹ ار		۹ ار	۹ ار	۹ ار	۹ ار	
نخود کسہ آمیز	۹ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰٫۹ ار	۱۰ ار	
کسہ	۹ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۱۰٫۱۰ ار	۱۰٫۱۰ ار	
ماش	۱۵ ار			۵ ار	۰	۱۵ ار	
مونگ	۱۲ ار	۰	۰	۰	۰	۳ ار	
مکا	۸ ار				۹ ار	۶ ار	
جئی	۹٫۰ ار		۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	۱۱ ار	
گوجئی	۹٫۰ ار		۱۱ ار	۱۰ ار	۱۰ ار	۸ ار	
عدس	۷ ار		۷ ار	۹ ار	۸ ار	۶٫۰ ار	
ارہر	۸ ار		۱۰ ار	۱۰ ار	۹ ار	۷٫۰ ار	
برنج	۳ ار		۳ ار	۳٫۰ ار	۳٫۰ ار	۵ ار	
روغن زرد	۔۱۱ ار		۰ ار	۰ ار	۰ ار	۔۱۱ ار	
روغن سیاہ	۲ ار		۱ ار	۲ ار	۲ ار	۱٫۰ ار	
روغن کنجد	۱ ار		۱ ار	۱ ار	۱ ار	۱ ار	
نمک سانبھر	۱۲ ار		۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	۱۲ ار	
نمک لاہوری	۶ ار		۶ ار	۵ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۳ ار		۳٫۰ ار	۳٫۰ ار	۳٫۰ ار	۳ ار	
باجرہ	۷ ار		۰		۰	۶ ار	

نقشہ گوشوارہ حیات ممات متعلقہ ریاست رامپور من ابتدائے جنوری لغایت مارچ سنہ ۱۹۲۶ء

نام مقام	تفصیل پیدائش: مرد مسلمان	تفصیل پیدائش: مرد ہندو	تفصیل پیدائش: عورت مسلمان	تفصیل پیدائش: عورت ہندو	تفصیل پیدائش: میزان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل پیدائش: تفصیل مذہب ہندو	تفصیل فوتی: ایک سال سے ۵ سال تک مرد	ایک سال سے ۵ سال تک عورت	۵ سال سے ۱۲ سال تک مرد	۵ سال سے ۱۲ سال تک عورت	۱۲ سال سے زیادہ مرد	۱۲ سال سے زیادہ عورت	میزان مرد	میزان عورت	تفصیل مذہب مسلمان	تفصیل مذہب ہندو	تفصیل امراض: ہیضہ	چیچک	تپ	متفرق	مارگزیدہ	[illegible]	طاعون	از خانہ نمبر ۱۹ لغایت خانہ نمبر ۲۵	کیفیت
۱	۲	۳	۴	۵	۶	۷	۸	۹	۱۰	۱۱	۱۲	۱۳	۱۴	۱۵	۱۶	۱۷	۱۸	۱۹	۲۰	۲۱	۲۲	۲۳	۲۴	۲۵	۲۶	۲۷
کوتوالی	۵۲	۱۲	۴۶	۱۱	۱۲۱	۱۰۰	۲۷	۳۰	۱۸	۰	۱	۳۴	۳۹	۶۳	۵۸	۱۰۳	۲۸	۰	۳	۰	۱۲۸	۰	۰	۰	۱۳۱	
گنج	۵۶	۱۳	۲۰۲	۲	۱۱۰	۹۲	۱۸	۳۳	۱۶	۶	۸	۴۸	۷۰	۸۸	۸۵	۱۳۸	۳۵	۰	۱	۰	۱۶۲	۰	۰		۱۷۳	
حوالی شہر	۲۲	۲۰	۲۶	۱۵	۸۳	۴۳	۳۵	۱۴	۱۱	۱	۲	۲۳	۱۸	۳۸	۳۱	۴۰	۲۹	۰	۰	۶۹	۰	۰	۰	۰	۶۹	
علیم نگر	۴۸	۶۶	۸۲	۵۴	۳۰۰	۱۶۶	۱۳۳	۵۳	۳۰	۴	۲	۹۶	۶۴	۱۵۳	۱۱۰	۱۵۴	۱۰۹	۰	۱۲	۲۴۸	۳	۰	۰	۰	۲۶۳	
شاہ آباد	۴۹	۹۳	۳۶	[illegible]	۲۲۱	۶۲	۱۵۹	۲۳	۱۶	۱	۳	۶۰	۴۲	۸۴	۶۱	۳۲	۱۱۳	۰	۲	۰	۱۴۳	۰	۱	۰	۱۴۵	
پٹوائی	۲۵	۱۳۱	۲۸	۱۰۸	۲۹۲	۸۳	۲۰۹	۳۳	۲۰	۲	۱	۴۷	۴۴	۸۲	۶۵	۳۱	۱۱۸	۰	۱۰	۰	۱۳۷	۰	۰	۰	۱۴۷	
ملک	[illegible]	۲۳۰	۲۵	۱۹۶	۴۵۶	۵۳	۴۰۳	۴۰	۳۹	۱۱	۶	۱۱۲	۵۷	۱۶۳	۱۰۲	۴۵	۲۲۰	۰	۳۰	۰	۲۳۵	۰	۰	۰	۲۶۵	
بلاسپور	۴۵	۴۴	۳۳	۶۳	۱۸۶	۹۴	۹۲	۳۳	۲۸	۹	۲	۹۶	۵۳	۱۳۸	۸۶	۱۳۵	۹۰	۰	۸	۲۱۵	۲	۰	۰	۰	۲۲۵	
کیمری	۳۱	۴۳	۲۰	۶۰	۱۵۲	۵۱	۱۴۵	۱۵	۱۰	۱	۱	۵۴	۳۷	۷۰	۴۶	۵۰	۶۷	۰	۰	۱۱۲	۴	۰	۱	۰	۱۱۷	
سوار	۵۵	۳۳	۳۰	۲۵	۱۲۱	۹۲	۲۹	۲۶	۲۳	۲۱	۸	۸۴	۵۱	۱۳۱	۸۲	۱۲۳	۹۰	۰	۲	۰	۲۱۱	۰	۰	۰	۲۱۳	
ٹانڈہ	۵۶	۴۰	۳۰۰	۳۲	۱۶۱	۹۷	۶۴	۴۲	۴۴	۶	۵	۵۴	۵۹	۱۰۲	۱۰۸	۱۲۴	۸۶	۵	۵۲	۰	۱۵۳		۰	۰	۲۱۰	
میزان	۵۲۶	۶۸۰	۴۸۷	۵۰۰	۲۱۹۳	۹۶۵	۱۳۴۸	۴۰۳	۲۵۳	۹۶	۴۳	۶۱۵	۵۱۲	۱۱۰۳	۹۲۳	۹۶۳	۹۰۵	۰	۱۳۱	۹۳۳	۱۱۲۲	۰	[illegible]	۰	۱۹۵۸	